**31-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---

Music

---

☆ کل ہونے والے ساتویں اور آخری مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اس مرحلے میں 7 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ اس مرحلے کے ممتاز امیداروں میں وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر، کانگریس رہنما منیش تیواری اور TMC لیڈر ابھیشیک بینرجی شامل ہیں۔

☆ بھارت کی حقیقی GDP کے مالی برس 2023-24 کے دوران 8 اعشاریہ 2 فیصد کی شرح سے ترقی کرنے کا تخمینہ ہے۔

☆ وزیر اعظم نے آسام، منی پور، میگھالیہ، میزورم، تریپورہ اور مغربی بنگال میں قدرتی آفات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے متاثرہ ریاستوں کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔

☆ نشانت دیو پیرس اولمپک کھیلوں کے لیے کوالیفائی کرنے والے پہلے بھارتی مرد مکّے باز بن گئے ہیں۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**Eletion Seventh Phase**

کل ہونے والے ساتویں اور آخری مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ اس مرحلے کے تحت 7 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس مرحلے میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13 سیٹوں، مغربی بنگال کی 9، بہار کی 8، اُڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش 4، جھارکھنڈ کی 3 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ کے لیے پولنگ ہوگی۔ لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ اُڈیشہ کے باقی 42 اسمبلی حلقوں کے لیے بھی کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹنگ صبح

سات بجے شروع ہوگی۔ انتخابی کمیشن نے خوش اسلوبی کے ساتھ منصفانہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے وسیع انتظامات کیے ہیں۔

چناؤ آفیسروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ شدید گرمی سے درپیش چیلنجوں سے نمٹنے، نیز رائے دہندگان اور پولنگ اہلکاروں کی صحت اور تندرستی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کریں۔ انتخابات کرانے کے لیے 10 لاکھ 90 ہزار پولنگ اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں کُل 10 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ ووٹرس امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ مجموعی طور پر 201 بین الاقوامی سرحدی چوکیوں اور 906 بین ریاستی سرحدی چوکیوں کے ذریعے غیر قانونی شراب، منشیات، نقدی اور تحائف کی روک تھام کے لیے سخت نگرانی کی جا رہی ہے۔

## Punjab Election

پنجاب میں کل ہونے والے انتخابات کے لیے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ ووٹنگ صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ہوگی۔ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر Sibin C کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ چناؤ کیلئے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

## VC-Shishu Sharma Shantal

CCTV کیمروں کے ذریعے تمام پولنگ مراکز کی نگرانی کی جائے گی اور 100 فیصد براہ راست Web casting کی جائے گی تاکہ چناؤ اہلکاروں اور مشاہدین کے لیے بروقت نگرانی کو ممکن بنایا جا سکے۔ ہنگامی صورتحال سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لیے انتخابی عملے کو تربیت فراہم کی گئی ہے۔

کسی بھی ہنگامی صورتحال میں طبی امداد بہم پہنچانے کے لیے پولنگ مراکز پر آشا کارکنوں کی تعیناتی جائے گی۔ پولنگ مراکز پر First Aid Kit, ORS اور ضروری ادویات کا انتظام ہوگا۔ اس کے علاوہ گرمی اور لُو سے بچاؤ کے لیے پولنگ مراکز پر سبیل بھی فراہم کرائی جائے گی۔

13 ہزار 769 معذور ووٹرز اور 85 سال سے زیادہ عمر کے رائے دہندگان، جنھوں نے گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت حاصل تھی، ان میں کل تک 12 ہزار 843 ووٹرس نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا ہے۔

## Bihar 7th Phase Poll

بہار میں، پٹنہ صاحب پاٹلی پتر، ساسا رام، آرہ، کاراکاٹ، بکسر، جہان آباد اور نالندہ پر مشتمل 8 پارلیمانی حلقوں میں کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔

## UP Election

اترپردیش میں لوک سبھا کی 13 سیٹوں کیلئے ساتویں اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم کل شام ختم ہوگئی۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے............

## VC Sushil Chandra Tiwari

پورواچل خطے میں ساتویں مرحلے میں 13 سیٹوں پر چناؤ ہونا ہے۔ اس کے مدنظر خاص طور پر سون بھدر ضلعے میں جس کی سرحدیں چار ریاستوں بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ سے متصل ہیں۔ سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔

پڑوسی ملک نیپال سے متصل گورکھپور اور کُشی نگر اضلاع کی بین الاقوامی سرحد پر SSB کے جوان سخت نگرانی میں مصروف ہیں۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے کارکن جو وہاں کے ووٹرز نہیں ہیں، اُنہیں لوک سبھا حلقے سے چلے جانے کیلئے کہا گیا ہے۔ کل جن 13 سیٹوں پر پولنگ ہونی ہے اُن میں سے گذشتہ لوک سبھا انتخابات میں 11 سیٹیں BJP نے جیتی تھیں۔

گھوسی اور غازی پور سیٹیں اپوزیشن پارٹیوں نے حاصل کی تھیں۔ آخری مرحلے میں ہونے والے چناؤ میں کئی بڑے امیدواروں کی سیاسی ساکھ داؤ پر لگی ہے۔ ان میں موجودہ وزیر اعظم نریندر مودی، روی کشن، مرکزی وزیر مہندر ناتھ پانڈے، پنکج چودھری اور انوپریا پٹیل شامل ہیں۔

اپوزیشن کے بڑے امیدواروں میں Ajay Rai، افضل انصاری، Pintu Sainthwar، وریندر چودھری، Sanatan Pandey اور Ramesh Bind شامل ہیں۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## LS Members Welcome

لوک سبھا سکریٹریٹ نے پارلیمنٹ میں نئے منتخبہ ارکان کا خیر مقدم کرنے کے لیے وسیع انتظامات کیے ہیں۔ اس مرتبہ سکریٹریٹ نے ارکانِ پارلیمنٹ کے اندراج کے عمل کو مکمل طور پر ٹیکنالوجی پر مبنی اور کاغذ سے مبرّا بنایا ہے۔ نئے منتخبہ ارکان کے اندراج کا عمل ایک آن لائن مربوط سافٹ ویئر ایپلیکیشن کے ذریعے کیا جائے گا۔ اندراج کا عمل ہفتہ اور اتوار سمیت پانچ سے 14 جون تک جاری رہے گا۔×

## Rev. GDP Growth

مالی سال 2023-24 کے دوران بھارت کی اصل گھریلو شرح نمو، GDP کے 8 اعشاریہ دو فیصد کی شرح سے بڑھنے کا اندازہ ہے۔ یہ اندازہ مالی سال 2022-23 کی درج شدہ GDP شرح سے زیادہ ہے جب 7 فیصد شرحِ نمو درج کی گئی تھی۔ شماریات اور پروگرام پر عمل آوری کی وزارت کے مطابق مستقل قیمتوں پر مبنی GDP یا اصل GDP کے مالی سال 2023-24 میں 173 لاکھ کروڑ روپئے کی سطح تک پہنچ جانے کا اندازہ ہے۔ ایک بیان میں وزارت نے کہا ہے کہ برائے نام GDP یا موجودہ قیمتوں پر مبنی GDP کے مالی سال 2023-24 کے دوران 295 لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کی سطح تک پہنچ جانے کا امکان ہے۔ اِس کی شرح میں 9 اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ ہوگا جو مالی سال 2022-23 میں 269 لاکھ 50 ہزار کروڑ تھی۔

اِس دوران مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ GDP کے آج کے اعداد وشمار سے زبردست معاشی

نمو کا مظاہرہ ہوتا ہے جس میں مالی سال 24-2023 میں 8 اعشاریہ دو فیصد کی شرحِ نمو اور اِسی مالی سال کی چوتھی سہ ماہی کیلئے 7 اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرحِ نمو کا اندازہ پیش کیا گیا ہے۔محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ بھارت کی قابل ذکر GDP شرحِ نمو، دنیا کی بڑی معیشتوں میں سب سے زیادہ ہے۔سوشل میڈیا پوسٹ میں محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ مینوفیکچرنگ کے شعبے نے مالی سال 24-2023 کے دوران 9 اعشاریہ 9 فیصد کی قابلِ لحاظ شرحِ نمو درج کی ہے۔محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ کئی اہم اشاریے اس بات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ عالمی چیلنجوں کے باوجود بھارتی معیشت لچکدار اور مضبوط بنی رہے گی۔x

## RBI INR Trade

ریزرو بینک آف انڈیا، مقامی کرنسیوں میں دو طرفہ تجارت کو آسان بنانے کیلئے بھارتی روپے کی بین الاقوامی حیثیت کو فروغ دینے کی کوشش کر رہی ہے۔ اِس لائحۂ عمل کے حصے کے طور پر RBI نے بھارت سے باہر روپی کھاتہ کھولنے کی کُل اجازت دے دی۔ اپنی سالانہ رپورٹ میں RBI نے کہا کہ ارتقائی میکرو اکنامکس منظرنامے اور غیر ملکی زرِ مبادلے کے انتظام سے متعلق قانون FEMA کے درمیان مطابقت پیدا کرتے ہوئے مختلف رہنما خطوط کو حقیقی شکل دینا اُس کی ترجیح ہوگی۔ مرکزی بینک نے مزید کہا کہ بیرونی تجارتی قرضہ جات ECB کے فریم ورک کو آسان بنانے کے مقصد سے بینک کے 25-2024 کے اسٹریٹیجک ایکشن پلان کو حتمی شکل دی جاچکی ہے۔

گھریلو کرنسی کو بین الاقوامی حیثیت دلانے کے 25-2024 کے ایجنڈے کے تحت ریزرو بینک آف انڈیا بیرونی ملک مقیم بھارتیوں، PROIs کو بھارت سے باہر روپی کھاتہ کھولنے کی اجازت دی رہی ہے۔ ریزرو بینک نے مزید کہا کہ بھارتی روپے کو بین الاقوامی حیثیت دلانے کیلئے ضوابط وضع کرنے کا مقصد مقامی کرنسیوں میں دو طرفہ تجارت کے تصفیے کوممکن بنانا بھی ہے۔x

## RBI-Gold

ریزرو بینک آف انڈیا نے برطانیہ کے Vault سے 100 ٹن سونا بھارت واپس لائے ہیں۔ یہ ریزرو بینک آف انڈیا کی اقتصادی پالیسی میں ایک بڑی تبدیلی ہے، کیونکہ اب یہ اپنا زیادہ تر سونا اپنے Vault میں ہی رکھے گا۔ یہ تبدیلیاں بھارت کی اقتصادی خود مختاری اور عالمی منڈی پر اہم مضمرات کی حامل ہیں۔ زیادہ تر ممالک اپنا سونا بینک آف انگلینڈ یا اس طرح کے دیگر مقامات کے Vault میں رکھتے ہیں اور اس کے لیے وہ فیس ادا کرتے ہیں۔ اس وقت بھارت کے پاس 11 ماہ تک کی درآمدات کو پورا کرنے کے لیے وافر مقدار میں زرِ مبادلہ کے ذخائر ہیں۔ 31 مارچ 2024 تک ریزرو بینک آف انڈیا کے پاس کُل سونا 822 اعشاریہ ایک صفر میٹرک ٹن تھا، جبکہ پچھلے برس اسی مدّت کے دوران 794 اعشاریہ چھ تین میٹرک ٹن سونا تھا۔x

## PM Disaster

وزیر اعظم نریندر مودی نے سمندری طوفان ریمل کی وجہ سے آسام، منی پور، میگھالیہ، میزورم، تریپورہ اور مغربی

بنگال میں ہوئی تباہی پر تشویش کا اظہار کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کی دعائیں اور نیک خواہشات متاثرہ افراد کے ساتھ ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ انھوں نے موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا ہے اور مرکزی حکومت نے ریاستوں کو ہرممکن مدد فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ افسران، متاثرہ افراد کی مدد کے کام میں مصروف ہیں۔x

**HM Remal Situation**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اُنہیں سمندری طوفان ریمل کی وجہ سے آسام، تریپورہ، منی پور، میگھالیہ اور میزورم میں آئی قدرتی آفت پر گہری تشویش ہے۔

جناب شاہ نے کہا کہ اُنہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو صورتحال سے واقف کرایا ہے اور وزیر اعظم نے متاثرہ افراد کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے کہا کہ انہوں نے متعلقہ وزرائے اعلیٰ سے بھی بات کی ہے اور صورتحال سے واقفیت حاصل کی ہے۔ وزیر داخلہ نے متاثرہ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کو ہر طرح کی مدد پہنچانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ صورتحال پر گہری نظر رکھی جا رہی ہے اور انتظامیہ متاثرین کو ہر طرح کی مدد پہنچا رہی ہے۔x

**IMD-Weather**

ملک کے شمال مغربی اور وسطی علاقوں سمیت زیادہ تر علاقے ابھی بھی شدید گرمی کی گرفت میں ہیں۔ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD کے مطابق راجستھان، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش، بہار، مشرقی مدھیہ پردیش، اُڈیشہ اور جھارکھنڈ کے زیادہ تر علاقوں میں شدید گرمی کی لہر برقرار ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بھارتی موسمیات محکمے کے سائنسدان ڈاکٹر آر-کے جینامنی نے کہا کہ درجۂ حرارت میں معمولی کمی کے باوجود ملک کے شمال مغربی اور وسطی علاقوں میں شدید گرمی کے حالات جاری رہیں گے۔

S/B Jenamani - IMD

موسمیات محکمے نے اگلے 2 سے 3 روز کے دوران مذکورہ علاقوں میں جاری شدید گرمی کے حالات میں بتدریج کمی آنے کی پیشگوئی کی ہے۔

مذکورہ علاقوں کے درجۂ حرارت میں اگلے 2 سے 3 روز کے دوران بتدریج 3 سے 4 ڈگری سلسیس کی کمی آنے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے اگلے 4 سے 5 روز کے دوران ملک کے شمال مشری علاقوں میں الگ الگ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ جنوب مغربی مانسون کی پیش قدمی پر IMD نے کہا کہ جنوب مغربی مانسون، شمال مشرقی خلیج بنگال کے بقیہ علاقوں اور شمال مغربی خلیج بنگال کے کچھ علاقوں میں پہنچ گیا ہے۔x

**Manipur Flash Flood**

منی پور میں، امپھال شہر کے کچھ علاقوں میں ابھی بھی پانی جمع ہوا ہے۔ اہم سڑکیں بھی زیر آب ہیں۔ اس

کی وجہ سے نقل وحمل اور لوگوں کی آمدورفت کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ NDRF سمیت سرکاری محکمے مسلسل بچاؤ کاری کر رہے ہیں اور دریا کے کنارے کی مرمت کے علاوہ اہم دریاؤں میں کچرے کو صاف کر رہے ہیں۔×

## Karnataka Revanna Custody

کرناٹک میں ہاسن کے رکن پارلیمنٹ Prajwal Revanna کو جنسی ہراسانی کے الزامات میں آج بنگلورو میں 42 ویں ایڈیشنل چیف میٹروپولیٹن مجسٹریٹ کورٹ نے 6 دن کے لیے خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ Prajwal Revanna کے مبینہ فحش ویڈیوز کی جانچ کر رہی ریاستی سرکار کی جانب سے مقرر کردہ 4 خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے اُنہیں گزشتہ آدھی رات کو بنگلورو کے Kempegowda بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر اُترتے ہی گرفتار کر لیا تھا۔ Prajwal Revanna، 27 اپریل کو لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے چناؤ کے بعد بیرونِ ملک چلے گئے تھے اور وہ کل رات میونخ سے واپس لوٹے ہیں۔ اُنہیں جنسی زیادتی اور اس عمل کی ویڈیو گرافی کے الزامات کا سامنا ہے۔

Hassan سے 33 سالہ ممبر پارلیمنٹ اس مرتبہ بھی Hassan لوک سبھا حلقے سے انتخابی میدان میں ہیں۔ عدالت نے اُنہیں 6 جون تک کے لیے خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔×

## Rev Court Bibhav Kumar

دلّی کی ایک عدالت نے سواتی مالی وال کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کے معاملے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے قریبی معاون Bibhav Kumar کو یہ کہتے ہوئے آج 14 دن کیلئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا کہ جانچ ابھی اپنے ابتدائی مرحلے میں ہے اور اسے مکمل ہونے میں وقت لگے گا۔

Additional سرکاری وکیل Atul Srivastava نے Bibhav Kumar کو عدالتی تحویل میں دیئے جانے کیلئے ایک درخواست داخل کی تھی تاکہ صحیح طریقے سے جانچ ہوسکے اور ملزم کو ثبوت کے ساتھ چھیڑ چھاڑ یا گواہوں کو ڈرانے دھمکانے یا لالچ دینے سے روکا جاسکے۔

Bibhav Kumar کے خلاف 16 مئی کو FIR درج کی گئی تھی، تبھی سے انھوں نے ضمانت کیلئے دلّی ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔ دلّی ہائیکورٹ نے آج ان کی ضمانت کی درخواست پر اپنے فیصلے کو محفوظ کرلیا ہے۔x

## No Tobacco Day

صحت کے مرکزی سکریٹری اپوروا چندرا نے زور دے کر کہا ہے کہ تمباکو سے عوامی صحت کو سنگین خطرات لاحق ہیں۔ نئی دلّی میں آج تمباکو مخالف دن کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت میں ہر سال تمباکو سے متعلق بیماریوں کی وجہ سے سالانہ 13 لاکھ لوگوں کی موت ہوتی ہے۔ جس سے ملک کے نظامِ صحت پر بڑے پیمانے پر معاشی بوجھ پڑتا ہے۔ صحت کے سکریٹری نے مزید کہا کہ حکومت ملک میں تمباکو نوشی کے سنگین مسئلے سے نمٹنے کیلئے مقامی، قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر لگاتار فیصلہ کن اقدامات کر رہی ہے۔ صحت کے سکریٹری

نے اعلان کیا کہ حکومت کی جانب سے تمباکو نوشی پر قابو پانے کیلئے سال 2024 میں کئے جارہے اقدامات میں، تمباکو نوشی مخالف قومی قانون COTPA 2003 پر سخت عمل آوری شامل ہے۔
اس کے علاوہ تمباکو سے پاک ماحول بنانا اور تمباکو مخالف بیداری مہم بھی شامل ہیں۔x

## Paris Olympics

عالمی چیمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے نشانت دیو، 2024 پیرس اولمپک کھیلوں کے لیے کوالیفائی کرنے والے پہلے بھارتی مرد مکّے باز بن گئے ہیں۔ نشانت دیو نے آج بینکاک میں عالمی باکسنگ کوالیفائرس میں مردوں کے 71 کلوگرام زمرے کے کوارٹر فائنل میں Maldova کے مکّے باز Vasile Cebotari کو پانچ صفر سے ہرایا۔ وہ پیرس اولمپک کے لیے کوالفائی کرنے والے چوتھے بھارتی مکّے باز بن گئے ہیں۔ اس سے پہلے 2022 ایشیائی کھیلوں میں خاتون مکّے باز نکہت زرین نے 50 کلوگرام کے زمرے میں، پریتی نے 54 کلوگرام زمرے میں اور ٹوکیو اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی لَولینا بورگوہین نے 75 کلوگرام کے زمرے میں، کانسے کا تمغہ جیت کر پیرس اولمپک کھیلوں کے لیے کوالیفائی کر لیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆